© rasailojaraid.com

# تبصرے

## "بریلوی فتنہ کا نیا روپ"

مصنف: مولانا محمد عارف سنبھلی، سائز ۳۰ × ۲۰/۱۶ صفحات ۲۴۸، کاغذ کتابت و طباعت عمدہ، مجلد مع خوشنما ڈسٹ کور، قیمت چھے روپے پچاس پیسے،

ناشر: کتب خانہ الفرقان، نیا گاؤں مغربی لکھنؤ،

یہ کتاب دراصل ارشد القادری صاحب کی بدنام زمانہ کتاب "زلزلہ" کے جواب کا تازہ ایڈیشن ہے مولانا محمد عارف صاحب نے متانت تحریر قائم رکھتے ہوئے "زلزلہ" کی خرافات و لغویات کا مدلل و معقول جواب دینے کی سعی کی ہے، اور علماء دیوبند کے دفاع کا حق ادا کیا ہے خدا کرے ان کی یہ سعی مشکور ثابت ہو۔

ضرورت ہے کہ اس کتاب کی زیادہ سے زیادہ اشاعت کی جائے۔ تاکہ سادہ لوح مسلم عوام بریلوی مکتب فکر کی اصل سے واقف ہو سکیں۔ (م ع)

## "تحدید نسل اور اسلامی تعلیمات"

مصنف مولانا محمد عبید اللہ الاسعدی سائز ۲۲ × ۸/۱۸ صفحات ۱۵۲، کاغذ کتابت اور طباعت متوسط مجلد مع ڈسٹ کور قیمت ۱۰/ روپے۔



© rasailojaraid.com